﴿بسم اللہ الرحمٰن الرحیم﴾

مرکزی سرکلر نمبر ۶/۷ برائے ممبران "عیدمبارک"

۸ نومبر ۲۰۱۱ء ۱۲ ذوالحج ۱۴۳۲ھ "نیا نظم مبارک"

میری پیاری بہت بہنو!

اسلام علیکم ورحمۃ اللہ:

اللہ رب العالمین سے آپکے لیے اور حلقہ نورالایمان کیلیے رحمتوں، برکتوں اور عافیتوں کی دعاؤں کیساتھ۔

جیسا کہ آپکے علم میں ہے کہ حلقہ نورالایمان کے مرکزی انتخابات کے نتیجے میں ممبرانِ حلقہ نورالایمان نے کثرتِ رائے سے بہن عالیہ حیدر (برلن) کو مرکزی نگران منتخب کیا ہے۔ اور بہن عالیہ حیدر نے مشاورت سے بہن مزین سلیم (ڈیوس برگ) کو معتمد اور بہن شبانہ وحید (برلن) کو معاون مقرر کیا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان بہنوں کو اقامتِ دین کے لیے اپنی ذمہ داریاں بہترین طریقے سے انجام دینے کی توفیق عطا فرمائے اور اپنی خاص رحمت سے انکی مدد فرمائے۔ انکے ذریعے اسلام اور حلقے کو مضبوطی عطا فرمائے۔ انکی کوششوں کو قبول کرے۔ اور ان سے راضی ہو جائے۔ اللہ تعالیٰ یہ نظم ہم سبکو مبارک کرے۔ آمین ثم آمین

مرکزی انتخابات کا اگلا مرحلہ مرکزی مجلسِ شوریٰ اور ناظماتِ شہر کے انتخابات کا ہے۔ مرکزی شوریٰ کے انتخاب میں 3 بہنوں کو منتخب کیا جائے گا اور 2 بہنوں کو مرکزی نگران مشورہ کر کے نامزد کریں گی۔ یعنی 3 بہنوں کو آپ منتخب کریں گی اور 2 بہنوں کو مرکزی نگران خود ممبر مرکزی شوریٰ بنا سکے گی۔ ناظماتِ شہر کے لیے 3 شہروں کی یعنی کہ برلن، ڈیوس برگ، کوپن ہیگن کی ناظمات منتخب کی جائیں گی۔ اس ضمن میں آپکو لسٹ اور بیلٹ پیپرز ارسال کیے جا رہے ہیں۔ آپ پوری دیانتداری اور خدا خوفی کے ساتھ ان 3 بہنوں کے نام تحریر کریں جو آپکے خیال میں مرکزی شوریٰ کیلیے تمام ممبران سے اصلح تر ہیں۔ ناظمہ شہر کے لیے صرف ایک نام تحریر کریں۔ ناظمہ شہر کے لیے جو نام تجویز کریں، وہ مرکزی شوریٰ کیلیے بھی لکھ سکتی ہیں۔ یعنی یہ ضروری نہیں کہ آپ چار نام تحریر کریں۔ ناظمہ شہر وہ بھی ہو سکتی ہے جو مرکزی شوریٰ میں ہو۔۔

اسلام ایک دوسرے کے ساتھ چلنے میں امیر اور شوریٰ کا تصور عطا کرتا ہے۔

"اَمرُھُم شُورٰی بَینَھُم" (وہ آپس کے معاملات باھم مشورے سے چلاتے ہیں) کا تصور امیر کو شوریٰ کا پابند اور شوریٰ کو اپنی امیر کی نگرانی کا پابند بناتا ہے۔ مشوروں کے بغیر اجتماعیت میں من مانی اور گروپ بندی کے امکانات پیدا ہو جاتے ہیں۔ اسلیے پوری طرح غور و فکر کے ساتھ اپنی شوریٰ اور ناظمہ منتخب کریں۔ ان پر پورا اعتماد کریں۔ اور خوب آگے بڑھکر انکو پورا تعاون دیں۔

انشاءاللہ!۔۔۔۔

☆ اللہ تعالیٰ سے دو نفل صلوٰۃ حاجت پڑھکر اور خوب خوب دعائیں مانگ کر بیلٹ پیپر پر کریں اور صلوٰۃ استخارہ سے بھی مدد لیں تاکہ اللہ تعالیٰ افراد کے درست چناؤ میں ہماری رہنمائی فرمائیں۔ آمین

مرکزی شوریٰ اور ناظمہ کے لیے درج ذیل اوصاف کو مدِ نظر رکھیں

**اوصاف::**

- وہ تمام ممبرز میں تقویٰ ,علم کتاب وسنت ,دینی بصیرت ,قوتِ فیصلہ ,اصابت رائے ,امانت ودیانت اور راہِ خدا میں استقامت کے لحاظ سے بہتر ہو۔
- وہ نہ اس منصب کی امیدوار ہو اور نہ اسکے حصول کے لیے کوشاں ہو۔
- وہ انتظامی صلاحیت کے اعتبار سے باقی ممبرز سے اہل تر ہو۔

انتخاب شوریٰ کے لیے درج ذیل ھدایات کو مدِ نظر رکھیں

- شوریٰ کے بیلٹ پیپر پر 3 نام اور ناظمات کے بیلٹ پیپر کے لیے صرف ایک نام لکھیں۔
- بیلٹ پیپر پر اپنا نام نہیں لکھیں۔
- بیلٹ پیپر کو کوڈ نمبر والے لفافے میں ڈال کر پھر الگ لفافے میں ڈال کر (جس میں ایڈریس لکھا ہو) ارسال کریں۔
- بیلٹ پیپر اپنی نئی نگران عالیہ حیدر کے ایڈریس پر ارسال کریں۔ایڈریس درج ذیل ھے۔

- بیلٹ پیپر ارسال کرنے کی آخری تاریخ 30 نومبر ہے۔

میری عزیز بہنو!

حلقہ نورالایمان کے آئندہ نظم کا چناؤ آپ کے ہاتھ میں ہے۔بہت دعاؤں اور نوافل کے ذریعے اللہ کی مدد مانگتے ہوئے اس کام کو انجام دیں۔اس لیے کہ اسلامی تحریکوں میں قیادت کی حثیت مضبوط بنیاد کی سی ہوا کرتی ہے۔جسکی مضبوطی کل تحریک کی مضبوطی کا باعث ہوتی ہے۔اور اگر قیادت کمزور ہو تو پوری عمارت خدانخواستہ کسی بھی وقت گر سکتی ہے۔

اللہ حلقہ نورالایمان پر اپنی مدد اور رحمت کا ہاتھ رکھے اسکی تمام کوششوں کو اسلام کے حق میں فائدہ مند بنائے اور تاقیامت اسے اسلام کا نمائندہ بنا کر اسلام کی مضبوطی کا ذریعہ بنادے۔آمین

والسلام

دعا گو مزین سلیم

معتمد حلقہ نورالایمان